میانمار کی ریاستی کونسلر کا سرکاری دورۂ ہند (17-19 اکتوبر، 2016)

12 اکتوبر، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان کے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر میانمار جمہوریہ کی ریاستی کونسلر عزت مآب ڈاو آ نگ سان سو چی 17 تا 19 اکتوبر، 2016 کے درمیان ہندوستان کے سرکاری دورے پر آ ئیں گی۔ برکس۔بمسٹیک آوٹ ریچ سربراہی کانفرنس جو 16 اکتوبر کو گوا میں منعقد کی جائے گی، کے اختتام کے فوراً بعد سرکاری دورہ ہوگا۔جس کے لئے ریاستی کونسلر میانمار کے وفد کی قیادت کریں گے۔

ریاستی کونسلر کئی اہم وزراء اور سینئر حکام کے ساتھ ہوں گی۔اپنے سفر کے دوران، ریاستی کونسلر ہندوستان کے صدر جناب پرنب مکھرجی سے ملاقات کریں گی اور وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور وزیر خارجہ محترمہ سشما سوراج کے ساتھ ملاقات کریں گی۔وہ ایک کاروباری ایونٹ میں بھی حصہ لیں گی اس دوران وہ دوطرفہ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مضبوط کرنے کے طریقوں پر ہندوستانی کاروباری دنیا کے اہم رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کریں گی۔

ریاستی کونسلر کا دورہ دونوں فریقوں کو باہمی دلچسپی کے معاملات پر بات چیت کرنے کے لئے ایک موقع فراہم کرے گا اور قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے طریقے تلاش کرے گا جو دونوں مما لک کے درمیان موجود ہیں۔

نئی دہلی

12 اکتوبر، 2016